A | സമഗ്ര ശിക്ഷാ കേരളം | 710

# വാർഷിക മൂല്യനിർണ്ണയം 2023 - 24

ക്ലാസ് : 7 | ഉർദു | സമയം : 2 മണിക്കൂർ

**പൊതു നിർദേശങ്ങൾ**

- ആദ്യത്തെ 15 മിനിറ്റ് സമാശ്വാസ സമയമാണ്.
- ചോദ്യങ്ങൾ വായിച്ച് മനസ്സിലാക്കുന്നതിന് ഈ സമയം ഉപയോഗിക്കേണ്ടതാണ്.
- നിർദേശങ്ങൾക്കനുസരിച്ച് ഉത്തരമെഴുതുക.
- തന്നിരിക്കുന്ന 6 പ്രവർത്തനങ്ങളിൽ 5 പ്രവർത്തനങ്ങൾക്ക് മാത്രം ഉത്തരമെഴുതുക.

## سرگرمی ۱

سفینہ ایک دعائیہ نظم پیش کرنے لگی۔

اے سنسار بنانے والے    سورج کو چمکانے والے
خاک سے پھول اگانے والے    دریاؤں کو بہانے والے
میرے خالق میرے آقا    ہنستا ہنستا چاند نکالا
ٹھنڈی ٹھنڈی کرنوں والا    کرتا ہے راتوں کو اجالا

A بچّو، دعائیہ نظم غور سے پڑھیے اور اس سے دو ہم آواز الفاظ چن کر لکھیے۔

جیسے : اگانے بہانے

B اس دعائیہ نظم کا مطلب اپنے الفاظ میں لکھیے۔

## سرگرمی ۲

سفینہ کا گاؤں بہت خوب صورت ہے۔ دور دور تک پھیلے کھیت، طرح طرح کی فصلیں، ہل چلانے والے مرد، پودوں کو پانی سینچنے والی عورتیں۔ .......

A کسان سے تعلق رکھنے والے چار الفاظ لکھیے۔

B بچّو، کسان دن بھر کھیت میں کام کرتا ہے۔

کسان کے بارے میں نوٹ تیار کیجیے۔

## سرگرمی ۳

سفینہ درسی کتاب کی ایک کہانی پڑھ رہی تھی۔

راجو ایک کسان تھا۔ وہ اپنی بیوی اور بچّوں کے ساتھ پالوڈ گاؤں میں رہتا تھا۔ وہ ایک محنتی کسان تھا۔ ایک دن رات کو زوردار بارش اور آندھی آئی۔ سیلاب کی وجہ سے اس کا گاؤں برباد ہو گیا۔ بہت سے لوگ بے گھر ہو گئے۔ آخر مایوسی کی حالت میں راجو گاؤں چھوڑ کر شہر چلا گیا۔

A بچّو، یہ کہانی غور سے پڑھیے اور اس سے تین سوالات تیار کیجیے۔

(اشارے : کیا، کہاں، کون، کیسا)

B اس کہانی کے لیے مناسب عنوان لکھیے۔

## سرگرمی ۴

ہیلتھ کلب کے کچھ لوگ ایک نوٹس لے کر سفینہ کے گھر آئے۔ وہ نوٹس پڑھنے لگی۔

تندرستی بڑی نعمت ہے

دوستو،

ہمارے لوگ تعلیم میں بہت آگے ہیں۔ مگر تندرستی پر توجہ نہیں دیتے ہیں۔ تندرستی خدا کی ایک بڑی نعمت ہے۔ اچھی صحت کے لیے صفائی ضروری ہے۔ اگلے ۵/ مارچ پیر کے دن ہیلتھ کلب کے ماتحت ایک میڈیکل کیمپ ہونے والا ہے۔ مشہور ڈاکٹر سلمان فارس تشریف لا رہے ہیں۔ آپ سے گزارش ہے کہ سب میڈیکل کیمپ میں آئیں اور پروگرام کو کامیاب بنائیں۔

وقت : صبح دس بجے سے شام پانچ بجے تک

جگہ : پنچایت ہال ۔ مائنّور

سکریٹری، ہیلتھ کلب

بچّو، نوٹس غور سے پڑھیے اور سوالوں کے جواب لکھیے۔

A میڈیکل کیمپ کہاں ہے؟

B میڈیکل کیمپ کے مہمانِ خصوصی کون ہیں؟

C 'تندرستی ہزار نعمت ہے۔' تندرستی کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟ایک نوٹ لکھیے۔

## سرگرمی ۵

میڈیکل کیمپ میں حصّہ لے کر سفینہ امّی کے ساتھ گھر واپس آ رہی تھی۔ راستے میں سہیلی جانسی سے ملی۔ سفینہ کو دیکھ کر جانسی پوچھنے لگی۔

جانسی : آداب سفینہ! آپ لوگ کہاں سے آ رہے ہیں؟


سفینہ : ..............................................

بچّو، سفینہ اور جانسی کی گفتگو آگے بڑھائیے۔

## سرگرمی ٦

شام کو سفینہ سہیلی جانسی کے ساتھ کھیلنے کے لیے میدان گئی۔ وہاں بچّے طرح طرح کے کھیل کھیل رہے تھے۔

A بچّو، تصویر غور سے دیکھیے اور کھیلوں کے نام لکھیے۔




B آپ کے پسندیدہ کھیل کے بارے میں نوٹ لکھیے۔